لیکن مضمون کو دوسری بار پڑھنے پر یہ احساس ہوتا ہے کہ مضمون میں کہ سوالات کا خود بخود جواب بھی فراہم کر دیا گیا ہے۔ بدقسمتی سے اس کے ساتھ ساتھ مضمون میں جان کر یا انجانے میں چند باتیں ایسی بھی کہی گئی ہیں جو قابل اعتراض ہو سکتی ہیں۔ گو اعتراض کی نوعیت اور شدت مختلف لوگوں کے لیے مختلف ہوگی۔ میں فی الحال اس مختصر سی بحث میں قابل اعتراض باتوں پر بحث نہیں کروں گا۔ کیونکہ اس طرح بحث بہت طویل ہو جائے گی۔ لیکن آئندہ پھر اس سلسلے میں لکھوں گا۔ اس وقت صرف ایک معروضہ پر اپنا خیال پیش کروں گا۔ یعنی اس مضمون میں یہ فرض کر لیا گیا ہے کہ ہم "مسلمان" ہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا واقعی ایسا ہے!

مجھے یقین کامل ہے کہ اگر ہم اس حقیقت کو کہ ہم مسلمان ہیں واقعی دل سے تسلیم کر لیں اور اس ایمان پر عمل کریں تو بہت سے مسائل مثلاً سود لینا، شراب نوشی اور سور کا گوشت یا اس کی چربی کا استعمال وغیرہ وغیرہ خود بخود حل ہو جائیں گے۔ یہ مسائل جیسا کہ ہم جانتے ہیں نہ صرف شمالی امریکہ کے معاشرے میں مسلمانوں کو درپیش ہیں بلکہ درحقیقت دنیا کے زیادہ تر ممالک میں موجود ہیں۔ جو مسلمان ان سے بچنا چاہتے ہیں وہ ہر جگہ اور ہر موقع پر ان سے بچ سکتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں یہ ذاتی مسئلہ ہے۔ اور مرد اپنے نفس پر قابو کا محتاج ہے۔

غالباً کبیر قریشی صاحب اور دیگر قارئین میرے اس کہنے سے اتفاق کریں گے کہ دنیا کے اس خطے میں ہم لوگ اپنی ذاتی خواہش اور بغیر کسی جبر کے آئے ہیں اور یہاں رہتے ہیں اور کئی مسلمان یہاں آتے رہیں گے اور ان شاء اللہ آباد ہوتے رہیں گے۔ مسلمانوں کو یہ بات ہمیشہ ذہن نشین رکھنا چاہیے کہ یہ ملک اسلامی ملک نہیں ہے۔ گو ہم قربانیوں اور بے لوث خدمت کے لیے تیار ہوں تو یہ ملک اسلامی ملک بن سکتا ہے۔ مثلاً مسلمانوں کو ہر قیمت پر اجتنابات کی کوشش کرنا چاہیے کہ خود بخود اپنے لیے پریشانیاں نہ پیدا کریں۔ مثلاً خود سود لینا، عورتوں کو بے پردہ کرنا، عورتوں کو غیر اسلامی لباس پہننے کی اجازت دینا۔ مردوں اور عورتوں کا غیر ضروری اختلاط، غیر ذبیحہ گوشت کا استعمال، نماز کی ادائیگی میں کوتاہی وغیرہ وغیرہ۔

یہ کہنا کہ خاص طور سے شمالی امریکہ میں اور یہاں کے معاشرے میں ہی تمام خرابیاں ہیں، مجھ کو مناسب نہیں معلوم ہوتا۔ مگر مجھے اس سے انکار نہیں کہ عریانیت، بیہودگی، شراب نوشی، زناکاری، چوری وغیرہ شمالی امریکہ میں دوسرے ممالک کی بہ نسبت زیادہ ہی ہے۔ لیکن میں پھر یہی سوال دہراؤں گا کہ اگر مسلمان اسلامی اصولوں پر کاربند ہیں اور ان کا ضمیر مردہ نہیں ہوا ہے تو پھر مسلمان ان دنیاوی لعنتوں سے یقیناً بچ سکتے ہیں۔ اسلامی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ مسلمانوں کے ایمان، مکر، دغا اور کافروں کے درمیان مزید پختہ ہو گئے ہیں۔ دراصل میری رائے میں تو شمالی امریکہ کے مکروہ حالات اور گندہ ماحول اسلامی حمیت کو ابھارنے کے لیے ایک ایسا چیلنج ہے کہ مسلمان اسلام کی بقا کی خاطر اس چیلنج کا بہت تندہی اور پوری قوت سے مقابلہ کریں گے۔ اور ایسی ذاتی اور بے لوث مثالیں قائم کریں گے کہ آئندہ کی مسلمان نسلوں کے لیے مشعل راہ کا کام دے سکیں۔

آخر میں میں کبیر قریشی صاحب کی اس تجویز سے اتفاق کروں گا کہ موجودہ حالات میں ایک بین الملی کانفرنس کا عمل میں آنا مفید ہوگا۔ یہ کانفرنس معیشتی و مالیاتی قوانین وضع کرے جن کی تفہیم و تعبیر اسلامی اصولوں پر ہو اور یہ اصول مغربی نظام سے بھی منسلک کیے جا سکیں لیکن جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ اصول خواہ کتنے ہی بہتر ہوں، ان کی افادیت اسی وقت ظاہر ہوگی جب کہ ان پر عمل کیا جائے۔

چند تجاویز

شمالی امریکہ میں رہنے والے مسلمانوں کے لیے یقیناً الگ مشکلات ہیں اور ان مشکلات کو مسلمان ہی اللہ کی مدد سے حل کریں گے۔ یہ مشکلات خود بخود ہی حل نہیں ہوں گی۔ اس کے لیے عمل صالح اور قربانیوں کی ضرورت ہے۔ نہ ہی تمام مشکلات یک لخت ختم ہو جائیں گی۔ البتہ ایک ایک کر کے ان پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ اس سلسلے میں کینیڈا کے مسلمانوں کو جس چیز کی شدت سے ضرورت ہے وہ آپس کی یکجہتی ہے۔ ایک دوسرے کی بے لوث مدد کا جذبہ پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا اس وقت آسان ہوگا جبکہ مسلمان ایک دوسرے کے قریب رہیں تاکہ جس علاقے میں بھی ہوں ان کی آواز ایک ہو اور ایسی طاقت کے حامل ہوں کہ اسے منوا سکیں۔ مثلاً اسکولوں میں اسلامی دینی تعلیم۔ یہ صرف اس وقت ممکن ہے جبکہ مسلمان کینیڈا میں سیاسی قوت کے بھی حامل ہوں۔ یعنی مسلمان بستیوں کی صورت میں رہ کر ہی اپنے اسلامی معاشرے کو فروغ دے سکیں گے دینی اور ملی مسائل کو سلجھا سکیں گے۔ اپنے بچوں اور عورتوں کو اسلام کی حرمت سمجھا سکیں گے۔ بچوں کی اسلامی تعلیم و تربیت کو ممکن بنا سکیں گے اور تب ہی مسلمان کفرستان میں رہ سکیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

احقر - اکرام مکی (ٹورانٹو)

(رپورٹ: سیکرامنٹو، کیلیفورنیا۔ ستمبر ۱۹۷۵ء)

— پروفیسر غفور احمد سکریٹری جنرل متحدہ جمہوری محاذ پاکستان، پارلیمانی لیڈر جماعت اسلامی پاکستان، ممبر قومی اسمبلی پاکستان اور امیر جماعت اسلامی کراچی نے یہاں مسجد میں اجتماع جمعہ میں عام مسلمانوں اور پاکستانیوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مجھے یہ دیکھ کر بڑی مسرت ہوئی ہے کہ الحمد للہ جو مسلمان یہاں آباد ہیں ان کے دم سے اللہ کے گھر بھی آباد ہیں۔ انھوں نے کہا کہ کوئی بھی نعمت محنت اور حفاظت کے بغیر باقی نہیں رہ سکتی۔ نعمت دین بھی انفرادی اور اجتماعی جدوجہد سے باقی رہ سکے گی۔ موصوف نے کہا کہ امریکہ کے تمام مسلمانوں کا آپس میں باہمی رابطہ ہونا چاہیئے۔ مختلف علاقوں میں ایسے مراکز ضرور ہونے چاہیئے جہاں مسلمانوں کو بار بار ملنے کا موقع ملے۔ یہاں کے مسلمانوں کے بچوں کو دینی تعلیم دینے کی طرف بھی توجہ ہونی چاہیئے اور مسلمانوں کو امریکیوں کے سامنے مثالی نمونہ پیش کرنا چاہیئے۔ انھوں نے اس بات پر زور دیا کہ باہمی ربط کے ساتھ ساتھ قرآن کریم اور اسلامی لٹریچر کا پابندی سے مطالعہ کریں۔ (مرسلہ: [illegible])

رپورٹ: [illegible]

حلقۂ فکر و نظر

حلقۂ فکر و نظر ٹورانٹو کا ماہانہ اجلاس بروز ۱۳ ستمبر ۱۹۷۵ء کو [illegible] ہال میں منعقد ہوا۔ مقصد [illegible] کی مجلس کا [illegible] موضوع "سیرت رسول اللہ" تھا۔ تلاوت کلام پاک کے بعد [illegible] نے رسول پاک کی حیات طیبہ کے مطالعہ کی ضرورت کے موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ بیگم [illegible] نے اشعار کی صورت میں رسول [illegible] [illegible] ترنم سے پڑھی۔ بیگم انصاری اور بیگم ناصر نے [illegible] کی عقیدت میں سیرت رسول اور اسلام پر متعلق اعتراضات کے جواب دیئے۔ اس کے بعد "شراب" اور "حرام گوشت" کا مسئلہ بھی زیر بحث آیا۔ جس میں سامعین نے بھی حصہ لیا۔ نماز عصر کے بعد یہ محفل برخاست ہوئی۔

"حلقۂ فکر و نظر" کی اگلی محفل ۲۶ اکتوبر ۱۹۷۵ء کو اتوار کے دن ۴ بجے شام [illegible] ہال میں ہوگی جس میں چار بجے سے ساڑھے پانچ بجے تک مذاکرہ ہوگا۔ عنوان یہ ہے:-

"کیا مغربی معاشرہ واقعی ہمیں اسلام سے باز رکھتا ہے؟"

اس مذاکرے میں ہر مسلمان خاتون کو اظہار خیال کی دعوت دی جاتی ہے۔ موضوع سے دلچسپی رکھنے والے مرد حضرات بھی اپنے خیالات کا اظہار کر سکتے ہیں۔

مذاکرے کے بعد ۵½ سے ۶ بجے تک "بیت بازی" ہوگی۔

مزید معلومات کے لیے ذیل کے ٹیلی فون سے رجوع کیجیے:

466-5823
251-1842

پنجابی لوک کہانیاں انگریزی میں

ٹورانٹو۔ حکومت کینیڈا کے لوکل [illegible] اسکیم گرانٹ (L.J.P.) کی مدد سے کینیڈا میں پنجابی [illegible] [illegible] [illegible] لوک کہانیوں اور [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] [illegible] [illegible] [illegible] دیا ہے [illegible] اور قبل تاریخی وقتوں سے شروع ہوا اور صدیوں میں پروان چڑھا جس کی روایات کئی [illegible] کے عمل اور ترکیب پر مبنی ہیں۔ الغرض امید ہے کہ یہ کتاب نہ صرف کینیڈا میں رہنے والے دوسرے تہذیبی اور نسلی گروہوں کے لیے بھی دلچسپی کا باعث ہوگی۔

پنجابیوں کی لوک کہانیوں اور مقولوں کی یہ کتاب یعنی

"FOLK TALES AND PROVERBS OF THE PANJABI PEOPLE"

عنقریب حکومت کینیڈا یا کسی تجارتی ادارے کی طرف سے شائع ہو کر منظر عام پر آ رہی ہے۔

عید

تمیز اپنے پرائے میں کیا ضرور ہے آج
ہر اک سے ہاتھ ملاؤ کہ عید کا دن ہے
خفیظ

آپ کو چھت پہ چڑھے مجھ کو دیکھے کرماؤ تو
آپ کو سارا زمانہ چاند سمجھا عید کا
نسیم

قوالی

چھوٹے صالح محمد آزاد قوال

اور ان کے دلکش ساتھی

دسمبر ۱۹۷۵ء میں شمالی امریکہ میں

[illegible] شمالی امریکہ کے [illegible] شہروں میں اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے۔ [illegible] [illegible] ان سے [illegible] رابطہ قائم کریں۔

[illegible] & [illegible] RIZVI
1950 KENNEDY ROAD, SUITE [illegible]
SCARBORO, ONTARIO,
CANADA M1P 4S9 PHONE: [illegible]

As
4
THE
REAS
IT WIL
LAMB
ALL KIN
FRES
MANAGEMENT
TOWNS:
HAMILTON, B
WATERDOWN,
CAMBRIDGE,
GUELPH, BEA
CATHERINES, N



گھر کی جنت ملازمت کے جھنجال سے لاکھ درجے بہتر ہے

فرخندہ نسرین

ایک دفعہ ہم نے کسی وقتی جذبے سے متاثر ہو کر اپنی ڈائری میں لکھا تھا "یہ جو لوگ کہتے ہیں کہ گھر میں ماں بیٹھ کر جنت ہی آ رہی ہے، مگر گھر کی قدر ان سے پوچھو جو اس نعمت سے محروم ہیں" اور آج جبکہ ہم نے کافی دنیا گھوم لی ہے، اس جہاں کے نشیب و فراز سے بہت حد تک آگاہ ہو چکی ہیں تو احساس ہو رہا ہے کہ کتنا صحیح لکھا تھا ہم نے!

پھر بھی یہ وضاحت کر دیں کہ اس وقت ہماری مخاطب صرف خواتین اور خصوصاً پاکستانی خواتین ہیں۔ یہ سال خواتین کے عالمی سال کی حیثیت سے منایا جا رہا ہے۔ وہ گرم جوشی سے اپنے حقوق کے تحفظ کی خاطر لڑ رہی ہیں۔ کہیں تقاریر کی محفلیں منعقد ہو رہی ہیں تو کہیں مباحثے رنگ جما رہے ہیں۔ اور خواتین بہت سی دلچسپی اور انہماک سے ان میں شرکت کرتی ہیں۔ مغرب کی عورت کی طرح اس وقت وہ بے چینی سے انتظار کر رہی ہیں جب وہ مردوں کی برابری کے حقوق حاصل کر لیں گی۔ مگر ہمیں چاہیئے کہ مغرب کی جھوٹی چمک سے متاثر نہ ہوں۔ ہر چمکتی ہوئی چیز سونا نہیں ہوتی۔ ہمیں کیا معلوم کہ مغرب کی عورت کتنا گر چکی ہے اس کی کتنی قدر ہے۔ اپنے معاشرے میں ہمارے مذہب نے مرد کا مرتبہ عورت سے بلند رکھا ہے۔ مرد کو ہمارا محافظ بنایا ہے۔

یہ ثابت کرنے کے لیے کہ ہم کسی طرح مردوں سے کم نہیں، وہ ملازمتیں کرنے لگی ہیں۔ مگر یہ ان کی بہت بڑی غلطی ہے۔ ایک وقت میں صرف ایک کام ہو سکتا ہے یا گھر چلایا جا سکتا ہے یا نوکری کی جا سکتی ہے یا شاید دونوں کام ہو جاتے ہوں۔ جیسا کہ مثالیں سامنے ہیں۔ تاہم یہ نہ صرف مردوں کی حق تلفی ہے بلکہ خواتین ناانصافی کر رہی ہیں۔ اس طرح کئی مرد نوکری سے محروم رہ جاتے ہیں۔ وہ نوکریاں جو عورت کی بجائے مرد زیادہ بہتر طریقے سے کر سکتا ہے عورتوں نے سنبھال رکھی ہیں۔ دوسری جانب اگر دیکھا جائے تو مرد کر کیا رہے ہیں وہ تو خوش ہے کہ عورت کما کے بھی لائے۔ اور گھر بھی سنبھالے۔ عورت بے چاری تھک ہار کے اپنا ایک ایک دن اسی سے انجام دے کر آتی ہے تو گھر کے بہت سے کام اس کے منتظر ہوتے ہیں کہیں بچے رو رو کر جلد کھانے کا مطالبہ کرتے ہیں تو کہیں سارا گھر گرد سے کا ڈھیر بنا ہوتا ہے۔ ظاہر ہے کہ جلد دفتر پہنچنے کی دھن میں چیزیں ادھر ادھر بکھر جاتی ہیں۔ اس کے برعکس مرد جب اپنے کام سے واپس آتے ہیں تو صاف ستھرا گھر اور ایک پر سکون ماحول ان کا منتظر ہوتا ہے۔ اور یہ صرف اسی گھر ہوتے ہیں جہاں خاتون خانہ اپنے فرائض کو پہچانتے ہوئے اپنے گھر میں رہتی ہے جب اس کا شوہر واپس آتا ہے تھکا ماندہ تو وہ مسکرا کر اس کا استقبال کرتی ہے۔ جب بچے سکول سے واپس آتے ہیں تو اس کی ماں گھر سے غائب ہونے کی بجائے اپنے بچوں کی منتظر ہوتی ہے۔ اور وہ اتنی تھکی ہوئی بھی نہیں ہوتی کہ اپنے بچوں کی پریشانی پر اسے دینے کو بھی مصیبت جانے۔ اگر سیدھی نیت سے صرف گھر ہی چلایا جائے تو فراغت کے لیے مشکل سے بچتے ہیں تو پھر کون ایسے میں نوکری پر جانے کا سوچ سکتا ہے۔ خود ہی سوچیے۔ صبح سویرے اٹھ کر ناشتہ تیار کرنا، بچوں کو تیار کر کے سکول روانہ کرنا۔ پھر ذرا خالی ہوا تو صفائی کا کام شروع ہو گیا اس کے بعد دو تین گھنٹے فراغت کے ہوتے ہیں تو وہ بھی سردیوں میں سویٹر بننے اور گرمیوں میں زیادہ تر کڑھائی سلائی میں صرف ہو جاتے ہیں۔ پھر دوپہر کے کھانے کی تیاری پھر شام کی چائے اور پھر رات کے کھانے کی تیاری شروع ہو جاتی ہے۔

کچھ خواتین اپنی نوکری کا یہ جواز پیش کرتی ہیں کہ وہ اپنے شوہروں کا ہاتھ بٹا رہی ہیں۔ جہانگیر کا زمانہ ہے صرف ان کی تنخواہ میں گزارہ نہیں ہوتا۔ مگر غور کیجئے کہ جب کوئی خاتون گھر سے نکلتی ہے تو سب سے پہلی بات اسے اپنا لباس بہت قیمتی نہ سہی لیکن اچھا ضرور پہننا پڑتا ہے۔ پھر خانسے پوڈر وغیرہ کا خرچ جن کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں اس کے بعد ظاہر ہے اپنے دفتر تک آنے جانے کا کرایہ بھی خرچ ہوتا ہو گا۔ اور پھر گھر کا ماحول الگ مکدر ہوتا ہے۔ سب سے بڑھ کر جب عورت گھر سے نکل آتی ہے تو مردوں کے ساتھ کام کرنے سے اس کی نسوانی حیا بھی ختم ہو جاتی ہے اور دفتر میں کام کرنے والے مرد جب اس پر نظر ڈالتے ہیں دل مسوس کے رہ جاتے ہیں۔ اور اس طرح عورت کا اپنا گھر ہے اور بے سکونی و افراتفری زیادہ معلوم ہوتی ہے۔ اگر اندازہ لگنے والوں کا بھی قصور کم ہی ہے جب عورت خود گھر نہ سنبھالے تو ان کی تربیت کون کرے گا۔ نپولین نے کہا تھا کہ تم مجھے اچھی مائیں دو، میں تمہیں اچھی قوم مہیا کروں گا۔

▲▲

خوانِ نعمت

سویوں کا زردہ

اجزاء:—

سویاں باریک آدھ پاؤ، گھی تین چھٹانک، چینی تین چھٹانک یا حسب ذائقہ، سبز الائچی آٹھ یا دس، زعفران چوتھائی تولہ، کیوڑہ چار بڑے چمچے، بادام آدھی چھٹانک، پستہ چوتھائی چھٹانک، کشمش چند دانے۔

ترکیب:—

چینی میں ایک پاؤ پانی ڈال کر قوام تیار کر لیں۔ گھی میں الائچی ڈال کر سرخ کر لیں اور کشمش کے دانے ڈال دیں پھر سویاں ڈال دیں جب سویاں سرخ ہو جائیں تو چینی کا قوام ڈال دیں اور آنچ بالکل ہلکی کر دیں۔ جب سویاں گل جائیں تو کیوڑے میں زعفران ڈال کر پیس لیں اور ساتھ ہی الائچی بھی پیس کر ملا دیں۔ یہ سب کچھ سویوں پر ڈال کر دم لگا دیں اور بادام گری اور پستہ باریک کاٹ لیں۔ جب سویاں تیار ہو جائیں تو ڈش میں نکال لیں اور اوپر بادام پستہ ڈال کر پیش کریں۔

شیر خرما

اجزاء:—

سویاں ایک پاؤ، دودھ دو سیر، چھوہارے ایک چھٹانک، بادام سبز الائچی اور چینی حسب ذائقہ

ترکیب:—

دودھ کو پکنے کے لیے رکھ دیں۔ جب سوکھ کر ڈیڑھ سیر رہ جائے تو اس میں سویاں ڈال کر ہلکی آنچ پر رکھ دیں اور آہستہ آہستہ چمچے سے ہلاتی رہیں۔ جب پک پک کر گاڑھا ہونے لگے تو چھوہاروں کے چار چار ٹکڑے کر کے اس میں ڈال دیں پھر بادام کی گری اور الائچی کے دانے نکال کر ڈال دیں اور پھر چینی ڈال دیں۔ اس کے بعد چند منٹ پکا کر جب وہ کھیر کی شکل اختیار کر جائے تو اتار لیں۔ شیر خرما تیار ہے۔ ٹھنڈا یا گرم آپ کی پسند۔ (فرزانہ چودھری - ایڈمنٹن، البرٹا)

بہنوں کی خدمت میں
عید مبارک
(ادارہ)

عید مبارک

Asian Food Market

is OPEN now!
414 KING STREET EAST
at VICTORIA AVE
HAMILTON
7 DAYS A WEEK
PHONE: 528-8184

خصوصی اعلان

ایشین فوڈ مارکیٹ کھل چکی ہے

جہاں آپ کو نہایت ہی سستے داموں پر حلال گوشت، مرغیاں، مسالہ جات، دالیں، باسمتی چاول، اور تازہ سبزیاں مہیا کی جاتی ہیں اور حسب ذیل علاقوں میں ڈیلیوری کا انتظام ہے۔

THE MARKET WILL CARRY ON VERY REASONABLE PRICES AT ALL TIMES IN RETAIL SALE.

IT WILL PROVIDE FRESH HALAL GOAT, LAMB, BEEF, VEAL, CHICKEN MEATS, ALL KINDS OF DALLS, SPICES, PICKLES, FRESH VEGETABLES AND TROPICAL FRUITS AND HUNDREDS OF OTHER ITEMS.

MANAGEMENT WILL PROVIDE DELIVERY TO THE FOLLOWING TOWNS:
HAMILTON, BURLINGTON, DUNDAS, STONEY CREEK, GRIMSBY, WATERDOWN, MISSISSAUGA, OAKVILLE, BRANTFORD, CAMBRIDGE, PARIS, KITCHENER, WATERLOO, HESPLER, GALT, GUELPH, BEAMSVILLE, JORDAN'S HARBOUR, WELLAND, ST. CATHERINES, NIAGARA FALLS, FORT ERIE, AND BUFFALO, USA.

Asian Food Market

Affectionately yours

مسکرائیے

پولیس کی بھرتی ہو رہی تھی۔ ایک امیدوار سے پوچھا گیا۔

"فرض کرو تم ایک پولیس کار میں بالکل اکیلے جا رہے ہو۔ ڈاکوؤں سے بھری ہوئی ایک اور کار چالیس میل فی گھنٹے کی رفتار سے تمہارا پیچھا کر رہی ہے۔ بتاؤ ایسے مشکل وقت میں تم کیا کرو گے؟"

امیدوار نے پہلے تو حیران ہو کر انٹرویو لینے والے کی طرف دیکھا اور پھر بولا "رفتار پچاس میل کر دوں گا۔"

[illegible] عذرا بی بی نے اپنے چار سالہ بیٹے اسد سے یونہی مذاقاً پوچھا "اسد کیا خیال ہے آپ کی شادی کر دیں۔" اسد یہ سنتے ہی گھبرا گیا اور جلدی سے کہنے لگا۔

"نہیں امی ابھی تو مجھے بس دولہا بنا دیں گے۔"

شہلا ذکاء اللہ

غزل

عذرا منصوری (امریکہ)

وہ یادوں میں آ کر ستایا کیجئے
بہت یاد اپنی دلایا کیجئے

دلِ ناتواں پہ ہر انداز سے
وہ تیرِ ستم آزمایا کیجئے

بڑھا کر رہ و رسم غیروں کے ساتھ
وہ ظلم و ستم ہم پہ ڈھایا کیجئے

گئے اُن کی محفل میں دل تھام کر
[illegible] دل دُکھایا کیجئے

[illegible]
[illegible] جلایا کیجئے

[illegible]
[illegible] کیجئے

[illegible]
[illegible] آ کر جگایا کیجئے

[illegible]
[illegible] کیجئے

[illegible] عذرا [illegible]
[illegible] دامن چھڑایا کیجئے

پانچ ہزار روپے سے زیادہ مالیّت کا جہیز نہیں دیا جا سکے گا

شادی بیاہ کے مواقع پر جہیز کی نمائش بھی لازمی قرار دے دی جائے گی

قومی اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں مسودہ قانون پیش کر دیا جائے گا : مولانا کوثر نیازی

راولپنڈی ـــــ (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر اطلاعات مولانا کوثر نیازی نے کہا ہے کہ قومی اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں ایک مسودہ قانون پیش کیا جا رہا ہے جس کے تحت جہیز کی مالیت کی زیادہ سے زیادہ حد پانچ ہزار روپے مقرر کر دی جائے گی ... [illegible]

پاکستان اور سعودی عرب صیہونی خطرے کا مقابلہ کرنے کے لئے پوری طرح متحرک ہیں : عرب نیوز

جدہ ـــــ (اے پی پی) وزیر اعظم پاکستان مسٹر ذوالفقار علی بھٹو ... [illegible]

میرا ملک پاکستان سے دوستانہ تعلقات کا خواہشمند ہے : ابو سعید چودھری

ڈھاکہ ـــــ (اے پی پی) بنگلہ دیش کے ... [illegible]



مسئلہ کشمیر پر پاکستان اور بھارت میں مسلح تصادم ہو سکتا ہے

اندرا گاندھی اپنا وقار بحال کرنے کے لیے کوئی بھی اقدام کر سکتی ہیں

لندن ـــــ (اے پی پی) مغربی حلقوں نے اس خیال کا اظہار کیا ہے کہ مسئلہ کشمیر پر پاکستان اور بھارت میں مسلح تصادم ہو سکتا ہے ... [illegible]

اصغر خاں کو امریکہ اور کینیڈا میں پاکستانیوں کے اجتماعات سے خطاب کرنے کی دعوت

راولپنڈی ـــــ (نمائندہ خصوصی) تحریک استقلال ... [illegible]

جسٹس یعقوب علی خاں سپریم کورٹ کے نئے چیف جسٹس ہوں گے

راولپنڈی ـــــ (اے پی پی) سپریم کورٹ کے سینئر جج مسٹر جسٹس یعقوب علی خاں کو سپریم کورٹ آف پاکستان کا چیف جسٹس نامزد کیا گیا ہے ... [illegible]

خوندکر حکومت کے خلاف برطانیہ میں کمال حسین کی مہم ناکام ہو گئی



لندن ـــــ (نمائندہ) ... [illegible]

ہوائی اڈوں کی حدود میں امن و امان قائم رکھنا نئی فوج کے فرائض میں شامل ہو گا

صدر مملکت نے خصوصی سیکورٹی فورس کے قیام کا آرڈی ننس نافذ کر دیا

اسلام آباد ـــــ (اے پی پی) صدر پاکستان نے ایک آرڈی ننس نافذ کیا ہے جس کے تحت ہوائی اڈوں، ہوائی جہازوں اور شہری ہوا بازی کی تنصیبات کے تحفظ کے لئے ایک ایئر پورٹ سیکورٹی فورس تشکیل دی جائے گی ... [illegible]

قومی اسمبلی میں پیپلز پارٹی کے تین اور پنجاب اسمبلی میں گیارہ ارکان نے جماعت سے علیحدگی کا اعلان کر دیا

لاہور ـــــ ... [illegible]

۱۹۷۳ء کے مقابلے میں اس دفعہ سیلاب سے زیادہ تباہی ہوئی ہے

متاثرہ افراد کو مزید امداد کی ضرورت ہے : ممتاز بھٹو

لاہور ـــــ (اے پی پی) وفاقی وزیر ... ممتاز علی بھٹو نے کہا ہے کہ ... [illegible]

گاڑی کی ٹکر ہو جانے پر فکر نہ کیجئے۔ ظہیر صغیر گاڑیوں کی مرمت کرنے میں مہارت رکھتے ہیں۔

IF THIS Happens To You!

Expert Body Work

Spray Painting

General Collision Repairs

Guaranteed Work

FREE ESTIMATES

National AUTO BODY
614 Danforth Rd. (at Kennedy) 261-4262

اپنے کرم فرماؤں کو
عید مبارک
نسیم مظفر بروکر

FOR SALE
MUZAFFAR
REAL ESTATE BROKER
226-5454

MORTGAGES
APPRAISALS
COMPLETE SERVICES

ہمیں آپ رہائشی، دیہاتی، کمرشل اور فارم وغیرہ کی جائیدادوں کی خرید و فروخت اور مارگیج کا بندوبست کرنے کے لیئے ہر وقت تیار پائیں گے۔

کی مفت مشورے کے لیئے ٹیلیفون کیجئے

2001 BAYVIEW AVENUE WILLOWDALE ONTARIO M2K 1E6

(Bayview Village Plaza, Suite 219)

MEMBER OF THE TORONTO REAL ESTATE BOARD

ہم اپنے کرم فرماؤں کو
عید الفطر
کے پُرمسرت موقع پر دلی
مُبارکباد
پیش کرتے ہیں
ٹورانٹو اور مضافات میں حلال گوشت کی پہلی دُکان
جہاں
پچھلے پانچ سال سے اپنے ہم وطنوں کو تازہ حلال گوشت اور دیگر مصالحہ جات
بازار سے نسبتاً کم داموں پر مہیا کیے جارہے ہیں۔
سیل • سیل • سیل
پاکستانی باسمتی چاول ۶ ڈالر ۳۰ سینٹ فی پونڈ
بادام ایک ڈالر ۵۹ سینٹ فی پونڈ
FIRST HALAL MEAT SHOP IN TORONTO.
Afro Asian
918 PAPE AVE.TORONTO.
call at 463-1287.

ٹورانٹو میں نماز عید

769-7800
690-5335

نیپ پر پابندی کے بارے میں حکومت کے ریفرنس کی سماعت مکمل ہو گئی سپریم کورٹ نے فیصلہ محفوظ رکھا

سپریم کورٹ کی طرف سے فیصلے کا اعلان اگلے ماہ متوقع ہے

عدالت سے غیر حاضر رہ کر ولی خان نے غلطی کی ہے، سپریم کورٹ کا ریمارک

راولپنڈی ——— پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ کے تحت حکومت نے نیپ پر پابندی کے بارے میں سپریم کورٹ میں جو ریفرنس داخل کیا تھا ہے۔ عدالت عظمیٰ نے آج اس کی سماعت مکمل کر لی اور اٹارنی جنرل کے علاوہ دو عدالتی مشیروں شیخ ظفر محمود اور مسٹر سردار خان کے دلائل بھی ختم ... دلائل سننے کے بعد عدالت نے اپنا فیصلہ محفوظ کر لیا۔ توقع ہے کہ عدالت عظمیٰ اکتوبر میں کسی وقت فیصلہ دے گی۔ نیپ کو ملک دشمن سرگرمیوں کی ...

وطن عزیز جاتے ہوئے اپنے عزیزوں، رشتہ داروں کے لیے تحفہ لے جانا ایک مشرقی رسم ہے۔ ایک اچھا تحفہ اعلیٰ ذوق اور دانشمندی کی دلیل ہے۔
مشہور کمپنیوں کے بنے ہوئے ۲۲۰ وولٹ کے ریفریجریٹر، ٹی وی، ٹیپ ریکارڈر وغیرہ یورپ سے براہ راست پاکستان بھجوائیے
خوابوں کی تعبیر — خواہشوں کی تکمیل کا مرکز

AAlice International
Unique Trade & Commerce
P. O. Box 368 Station J
Toronto M4J 4Y8
Ontario—Canada
Phone: (416)459-0820

پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جو مسلم قومیت کی بنیاد پر وجود میں آیا

دوسرے انسانوں کو قرآن و سنت کی حقانیت سے روشناس کرانا مسلمانوں کا فرض ہے: غفور احمد

پروفیسر عبدالغفور

قومی اسمبلی میں جماعت اسلامی کے پارلیمانی لیڈر پروفیسر عبدالغفور احمد نے کہا ہے کہ پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جو مسلم قومیت کی بنیاد پر وجود میں آیا ہے۔ وہ واشنگٹن میں مسلم سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے اپنی تقریر میں تحریک پاکستان کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے کہا ...

پروفیسر غفور احمد نے ...

کینیڈا میں پروفیسر غفور احمد نے ٹورانٹو کی مسجد ... اور مرکز میں اجتماعات سے خطاب کیا۔ مونٹریال اور دوسرے شہروں میں مقامی مسلمانوں کے جلسوں میں شرکت کی۔

پیپلز پارٹی مفاد پرستی کا دوسرا نام ہے
منشور گروپ میں مکمل جمہوریت ہو گی: خورشید حسن میر

لاہور ——— (رشاف رپورٹر) سابق وفاقی وزیر مسٹر خورشید حسن میر نے منشور گروپ کی قائم کردہ ... کے نمائندوں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کے نزدیک پیپلز پارٹی مفاد پرستی کا دوسرا نام ہو کر رہ گئی ہے ... منشور گروپ میں مکمل جمہوریت پر عمل ہو گا ...

اجلاس میں شہر کے لئے ایک ... رکنی کمیٹی منتخب کی گئی جو مسٹر محمد اسداللہ خان، محمد عارف ظفر، طارق ... افتخار حسین ... ناصر انجم، احمد ... چوہدری جمیل الدین، شفیق احمد، محمد لطیف، ناصر حسین شاہ اور صادق علی ... پر مشتمل ہو گی۔

پیپلز پارٹی کا امیدوار کھر کو زبردست شکست دے گا: ڈاکٹر مبشر حسن

لاہور ——— پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر مبشر حسن نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کا امیدوار مسٹر غلام مصطفیٰ کھر کو ضمنی انتخاب میں زبردست شکست دے گا۔ وہ مسٹر غلام مصطفیٰ کھر کے پیپلز پارٹی کی رکنیت سے استعفا دینے اور صوبائی اسمبلی کے حلقہ ... کے ضمنی انتخاب میں آزاد امیدوار کی حیثیت سے انتخاب لڑنے کے اعلان پر تبصرہ کر رہے تھے۔

تاج محل آگرہ کے نزدیک تیل صاف کرنیوالا کارخانہ قائم نہ کیا جائے

بھارتی حکومت سے بنگلہ دیش آبزرور کا مطالبہ

نئی دہلی ——— بھارت کے موقر روزنامہ ہندوستان ٹائمز کے مطابق بنگلہ دیش کے انگریزی روزنامہ بنگلہ دیش ... آگرہ کے نزدیک تیل صاف کرنے والا کارخانہ قائم نہ کیا جائے اور دنیا کے اس تاریخی عجوبے کے لئے خطرہ پیدا نہ کیا جائے۔ بنگلہ دیش کے سرکاری ترجمان بنگلہ دیش آبزرور نے ...

پاکستان جانے کے لیئے

پی۔ آئی۔ اے اور دیگر ہوائی کمپنیوں کے منظور شدہ ایجنٹ کی خدمات حاصل کریں

KIRBY TRAVEL SERVICE, INC.
1919 COMMONWEALTH BLDG., DETRIOT, MICH. 48226
TEL: (313)963-3965 (5 lines)

IATA

In Canada, please call: CAPITOL TRAVEL
1228 WYANDOTTE ST., E., WINDSOR, ONT.
TEL: (519) 256-0654
Collect calls accepted for bookings
NOTE: AGENTS REQUIRED IN MOST CITIES

THE ROYAL TRUST COMPANY
REAL ESTATE DEPARTMENT
REALTOR — Royal Trust "THE SIGN THAT SELLS"

جائیداد کی خرید و فروخت کے لیئے کینیڈا کی سب سے بڑی اور تجربہ یافتہ کمپنی رائیل ٹرسٹ مسرت کے ساتھ اعلان کرتی ہے کہ پاکستانی اور ایشیائی باشندوں کی سہولت کے لیئے محترمہ ثمینہ غوری کی خدمات حاصل کر لی گئی ہیں۔ اُمید ہے کہ آپ انھیں اپنی بہتر خدمت کا موقع دیں گے۔

رہائشی، دیہاتی، کمرشل اور فارم وغیرہ کی جائیدادوں کی خرید و فروخت اور مارگیج کی منظوری کے لیئے ہر قسم کی مدد مہیا ہے۔

پہلے گھر کی خریدی کے لیئے حکومت کی طرف سے دی جانے والی دو ہزار ڈالر کی گرانٹ کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیئے ہم سے ربط قائم کیجیئے۔

SAMINA S. GHAORI
FOR SALE Royal Trust THE SIGN THAT SELLS
Bus. 293 1992
Res. 447 5719
2??? Kennedy Rd.,
Agincourt Mall,
Agincourt, Ont.
M1T 3H1
ثمینہ غوری

JULTRUNG
PAKISTANI & INDIAN MUSIC PROGRAM
FROM TORONTO
SATURDAY - 8-9 A.M. on CHIN 101 FM
& 1-3 P.M. on CJMR 1190 AM
TUESDAY - 7-8 P.M. on CHIN 101 FM

پی آئی اے نے کرکٹ چار ممتاز کھلاڑیوں کے مسائل کی تجاویز کی

کراچی ——— ... پاکستان کرکٹ کنٹرول بورڈ ... کھلاڑیوں کے مسائل ... اس سال تجاویز ... مشتاق محمد، آصف اقبال، ماجد خان کے مسائل ... تجاویز ... ہیں۔

بیرونی ملکوں میں مقیم پاکستانی اپنے اعزا کو حج کے لیے پی آئی اے کے ٹکٹ بھیج سکتے ہیں

پی ۱۱ فارم کے تحت حج پر جانے کے طریق کار کا اعلان کر دیا گیا

[illegible]

مولانا یوسف بنوری کو مکہ روانگی سے قبل طیارے سے اتار لیا گیا

ملک سے باہر جانے پر کوئی پابندی نہیں

کراچی ـــ [illegible]

پاکستان کے لئے جاپانی قرضہ

کراچی ـــ [illegible]

سفیروں کا تبادلہ مناسب وقت میں عمل میں آجائے گا: وزیر خارجہ بنگلہ دیش

نیویارک ـــ [illegible]

ادا کار کی اشاعت پر پابندی ختم کی جائے

سی پی این ای (کراچی) کا مطالبہ

کراچی ـــ [illegible]

آپ ہم میں سے ہی ہیں

وزیر اعظم بھٹو کے نام شاہ خالد کا پیغام

اسلام آباد ـــ [illegible]

برطانیہ میں حصول شہریت کے لئے درخواستیں

لندن ـــ [illegible]

سردار قیوم کو سعودی عرب جانے کی اجازت نہیں ملی

راولپنڈی ـــ [illegible]

کریسنٹ

اپنے دوست احباب کے نام بطور تحفہ عید جاری کرائیے۔ یہ اخبار سال بھر آپ کی یاد دلاتا رہے گا!

صدائے پاکستان ریڈیو پروگرام
ہر اتوار شام ۸ تا ۸½ بجے
RADIO CHIN 101

صبیح الدین منصور پیش کرتے ہیں
ایک ٹکٹ میں دو شاندار فلمیں

گولڈن جوبلی فلم دوستی (رنگین)
شبنم، رحمان، اعجاز اور طالش

پلاٹینم جوبلی ہٹ فلم زرقا (رنگین)
نیلو، اعجاز، علاؤالدین اور طالش

Sat. Oct. 4, DOSTI at 6.00 PM
ZARQA at 9.00 PM
Sun. Oct. 5, DOSTI at 3.00 PM
ZARQA at 6.00 PM

AT RELAX CINEMA
344 COLLEGE STREET
(2 BLOCKS WEST OF SPADINA AVE.)
FOR INFORMATION CALL: 533-5000

HARIS INTERPRISES PRESENTS

عید مبارک کے موقعہ پر
۱۹۷۵ء کی بہترین فلم
نگراں (رنگین)

بہترین گانے، بہترین کہانی، محمد علی اپنے نئے بہترین روپ میں

ستارے: محمد علی، زیبا،
ندیم (مہمان اداکار) اور لہری

ON OCTOBER 11, 12 & 13
DAILY 3 SHOWS AT 3.00, 6.00 & 9.00 PM

عید کی خوشی میں فلم مستانہ ماہی (پنجابی) مفت دیکھئے
ستارے: وحید مراد، عالیہ، نغمہ، منور ظریف، اجمل
بروز عید ۱۲ اکتوبر ۸ بجے شب

AT RELAX CINEMA
344 COLLEGE ST. (2 BLOCKS WEST OF SPADINA)
FOR INFORMATION CALL: 424-2925 OR 922-0222

HARIS ENTERPRISES PRESENTS

امراؤ جان ادا (رنگین)

ہدایتکار: حسن طارق
فلمساز: رابعہ حسن
مصنف: سیف الدین سیف
موسیقی: نثار بزمی

ستارے: رانی، شاہد، منیر سلطانہ، علاؤالدین، طالش، لہری
جمعہ ۲۴ اکتوبر ایک شو ۹ بجے شب
۲۵ اور ۲۶ اکتوبر روزانہ تین شو بوقت ۳، ۶ اور ۹ بجے شب

NAUTCH GIRL, DANCER OR A LADY ?
Presents Many Award Winners Movie, Glamour of Lucknow
"UMRAO JAN ADA"
AT
ENGLISH SUBTITLES COLOUR
FOR INFORMATION CALL: 424 2925 OR 922-0222

RELAX CINEMA
344 COLLEGE STREET
(Two Blocks West of Spadina Ave)

عید کی خوشی میں مفت فلم دیکھئے "مستانہ ماہی" (پنجابی)
ستارے: وحید مراد، عالیہ، نغمہ، منور ظریف، اجمل
۱۲ اکتوبر بروز عید ۸ بجے شب

محفلِ مشاعرہ ... اشمال ... ہمراہ ...

عنقریب شمالی امریکہ میں

... فنکاروں کے طائفہ کے ساتھ

... ناموراں الغوزہ نواز

خمیسو خان

اور

بہترین رقاصہ و گلوکارہ ستیاں بھی شامل ہونگے

مزید معلومات کے لیئے فون کیجئے یا لکھیئے

BAQA KHAN & ANEES KHAN

TEL: (416)633-1868 OR (416)630-2178

P. O. BOX 1183, STATION 'B', DOWNSVIEW, ONT. CANADA

ایران پاکستان میں علیحدگی پسندی کی کسی بھی تحریک کو برداشت نہیں کرے گا، شہنشاہ ایران

اسلام آباد — شہنشاہ ایران محمد رضا شاہ پہلوی نے کہا ہے کہ ایران یا پاکستان میں علیحدگی پسندی کی کسی بھی تحریک کا مخالف ہے اور وہ ... [illegible]

بنگلہ دیش کے عازمین حج کو جدہ پہنچانے کے لیے پاکستان جہاز مہیا کریگا

حکومت بنگلہ دیش کی ضروریات پر سنجیدگی سے غور کر رہی ہے — پاکستان

کراچی — ... بنگلہ دیش نے اپنے عازمین حج کو جدہ ... [illegible]

ترکی کو اسلحہ کی سپلائی پر جزوی پابندی ختم!

واشنگٹن — ... [illegible]

عید

کی تقریب سعید پر

سلطان قریشی کی طرف سے

دلی مبارکباد







SULTAN QURESHI
2 MILLION DOLLAR
ACHIEVEMENT AWARD

H. Keith Limited · Realtor
5364 Dundas St. W., Islington, Ontario
Office: 239-3581 Res: 767-2215

...plete Real Estate Service Throughout Ontario

معلومات کے علاوہ ... رہائشی اور کمرشل جائیداد کی خرید و فروخت کے لیئے ...

پندرہ روزہ

کریسنٹ

سوئٹزرلینڈ

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

[illegible]

صدقۂ فطر نمازِ عید سے پہلے ادا کیجئے

عید الفطر کے مسائل



رمضان المبارک کے گزر جانے کے بعد یکم شوال (شکرانے کے طور پر دو رکعت نماز عید ادا کرنا واجب ہے۔ عید الفطر کے احکام مندرجہ ذیل ہیں۔

● عید کے دن غسل کیا جائے۔ مسواک کی جائے۔ عمدہ کپڑے جو میسر ہوں پہن کر خوشبو لگائی جائے۔ بالوں میں کنگھا کر کے تیل لگایا جائے۔ ● صبح سویرے اٹھ کر عیدگاہ جلد پہنچنے کی کوشش کی جائے اور نماز عید کے لیے جانے سے پیشتر کوئی میٹھی چیز کھالی جائے۔ ● عیدگاہ جانے سے پہلے صدقۂ فطر ادا کر دیا جائے۔

● عید کی نماز پڑھنے کے لیے ایک راستے سے جائے اور نماز کے بعد دوسرے راستے سے واپس آئے۔ عیدگاہ اگر ممکن ہو تو پیدل چل کر جائے ● راستے میں یہ تکبیریں آہستہ آہستہ پڑھے۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ۔ ● نماز عید سے پہلے کسی جگہ نفلیں پڑھنا مکروہ ہے۔ البتہ عید کی نماز کے بعد گھر آکر نفلیں پڑھ سکتے ہیں۔ تاہم عیدگاہ میں نماز کے بعد بھی نفلیں پڑھنا مکروہ ہے۔ ● نماز عید میں صرف چھ تکبیریں زائد ہوتی ہیں۔ پہلی رکعت میں سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ کے بعد تین تکبیریں زائد ہوتی ہیں جو ہاتھ چھوڑ کر کہی جاتی ہیں اور دوسری رکعت میں رکوع سے پہلے تین تکبیریں زائد ہاتھ چھوڑ کر کہی جاتی ہیں۔ باقی نماز تمام نمازوں کی طرح ہے ● نماز کے بعد خطبہ سننا واجب ہے۔

صدقۂ فطر: جس شخص پر زکوٰۃ فرض ہے۔ اس پر صدقۂ فطر بھی واجب ہے۔ خواہ اس نے روزے رکھے ہوں یا نہ رکھے ہوں۔ احادیث میں صدقۂ فطر کی مقدار کسی ایک صاع (دو سیر ۱۰ چھٹانک) جو یا گندم یا ان کی قیمت مقرر کی گئی ہے۔ مستحب یہ ہے کہ صدقۂ فطر نماز عید سے پہلے ادا کیا جائے۔

ہلالِ عید سے دو دو باتیں

اے ہلال اے سطوتِ کبریٰ کی رفعت کے نشاں
تو ہمارے گھر کے چھت کی چاندنی اس دن سے ہے
تو فروغ افشاں ہے اس شب سے ہماری بزم میں
ملتِ بیضا ہے تیری روشناس اس وقت سے
تو نے دیکھا ہے ہمیں اور ہم نے دیکھا ہے تجھے
پاکے جب آہٹ ہماری کانپتی تھی کائنات
قصہ لیکن ہے یہ ان فرخ نژاد ایام کا
ان دنوں جب عید کا بن کر نقیب آتا تھا تو
دیدنی تھی ان دنوں آرائش ایوانِ پاک

میری آنکھوں میں ہے تیرا سیزدہ صد سالہ نور
حجتِ حق کا ہوا جس روز بطحا میں ظہور
جب ہوئے ہم اول اول نشۂ وحدت میں چور
بدر میں پہنچا ہوا جب کفر کے سر کا غرور
جب ہمارے نام کا بجتا تھا ڈنکا دور دور
اور ہماری دھوم تھی پر در دہ شور نشور
جب ہمارے نامہ کا عنوان تھا "عزم الامور"
دوڑ جاتی تھی ہمارے قلب میں موج سرور
آسماں تھا صحفہ اور تیری کرن بین السطور

اب نہ وہ آزادیاں ہیں اور نہ وہ دم خم رہے
تو تو شاید ہو وہی لیکن نہیں وہ ہم رہے

مولانا ظفر علی خان

علامہ اقبالؒ کا ایک خطبۂ عید

آج کی عید، عید الفطر کہلاتی ہے۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے جب عید کے لئے عیدگاہ میں نکلنے سے پہلے [illegible] تو مسلمانوں میں صدقۂ عید الفطر دینے کا حکم دیا ہے۔ تعجب نہیں کہ عید کا دن مقرر کرنے کی اصل غرض ہی شارع علیہ الصلوٰۃ کے نزدیک صدقۂ عید الفطر کا جاری کرنا ہو۔ حق یہ ہے کہ زکوٰۃ اور اصول تقسیم وراثت کے بعد بہترین طریق اقتصادی اور معاشرتی مساوات قائم کرنے کا جو اسلام نے تجویز کیا صدقات کا تھا۔ ان صدقات میں سب سے بڑھ کر صدقۂ فطر کا ہے کیونکہ یہ صدقہ ایک مقررہ دن پر تمام کو ادا کرنا ہوتا ہے۔ رمضان المبارک کا مہینہ آپ نے اس اہتمام سے بسر کیا ہے کہ کھانے پینے کی پابندی سمجھئے اپنی صحت درست کر لی۔ آئندہ زیادہ جینے کی پابندیوں سے محفوظ رہنے کے قابل اپنے آپ کو بنا لیا۔ گویا شعور کی ذوق کی قدر و قیمت سیکھی۔ یہ سب فائدے ذاتی فائدے تھے۔ صیام کا قومی اور ملی فائدہ یہ ہے کہ صاحب توفیق مسلمانوں کے دل میں اپنی قوم کے محروم اور مفلس افراد کی ہمدردی کا جذبہ پیدا ہو۔ اور صدقۂ فطر ادا کرنے سے قوم میں ایک گونہ اقتصادی اور معاشرتی مساوات نہ صرف ایک آدھ دن کے لئے قائم ہو جائے بلکہ ایک مہینہ کا متواتر ضبط نفس آپ کو اسی لئے سکھایا گیا ہے کہ آپ اس اقتصادی اور معاشرتی مساوات کو قائم رکھنے کی کوشش تمام سال کرتے رہیں۔ روزہ [illegible] کا نہ تھا۔ اور عید کے دن غریبوں کو دو چار دن کا کھانا دے دینا کافی نہیں تھا بلکہ مقصود تھا کہ مستحق امداد کو بنیادی مال و متاع سے استفادہ کے قواعد اس طرح ادا ہوں کہ جہاں تقسیم وراثت اور زکوٰۃ سے ملت اسلامیہ کے مالی متاع میں ایک گونہ مساوات پیدا ہو وہاں اس مساوات میں ایک دوسرے کے اموال میں تصرف سے کسی قسم کا خلل نہ آئے۔ مہینہ بھر روزے رکھنے کی آخری غرض یہی ہے کہ آئندہ تمام سال آپ اسی طرح ایک دوسرے کے ہمدرد اور بھائی بن کر رہیں اور اگر اپنا مال ایک دوسرے کو بانٹ کر نہیں دے سکتے تو کم از کم ظلم کے پاس کوئی مالی حقدار اس قسم کا نہ لے جائے جس میں ان کو رشوت دے کر حق و انصاف کے خلاف دوسروں کے مال پر قبضہ کرنا مطلوب ہو۔ آج کے دن سے یہ عہد کرنا چاہئے کہ قوم کی اقتصادی اور معاشرتی اصلاح کی جو غرض قرآن حکیم نے اپنے ان احکام میں قرار دی ہے اس کو آپ ہمیشہ مدنظر رکھیں گے۔

(۱۹۳۲ء)

صحافیوں اور سیاسی مخالفوں سے ناروا امتیاز

پاکستانی صحافیوں کی وفاقی تنظیم پی ایف یو جے کے میدان جرائد کی تنظیم کے سربراہ کے اس حالیہ مطالبہ کی پوری تائید کی ہے کہ کسی دورہ یا پیشہ ورانہ فرائض کے سلسلہ میں بیرون ملک جانے کے خواہشمند صحافیوں کے لیے عدم اعتراض کے سرٹیفکیٹ (این او سی) کی امتیازی اور تحقیر آمیز پابندی فوراً ختم کی جائے۔ صحافیوں سے ناروا امتیازی سلوک کا سلسلہ قیام پاکستان کے ۲۵ تیس سال بعد خواجہ شہاب الدین کی وزارت اطلاعات کے زمانہ میں شروع کیا گیا تھا جو کسی نہ کسی شکل اور انداز میں بلکہ اضافہ کے ساتھ اب تک جاری ہے۔ اس ناروا سلوک کا یہ پہلو بہت مضحکہ خیز ہے کہ موجودہ وفاقی وزیر داخلہ کو بار بار یہ اعلان کر چکے ہیں کہ ملک سے باہر جانے کے خواہاں صحافیوں کے لیے عدم اعتراض کے سرٹیفکیٹ کی کوئی ضرورت نہیں، لیکن وزارت اطلاعات و نشریات کے حکام نہ صرف وزیر داخلہ کے اس جنگلارو برملا اعلان کو قابل توجہ نہیں سمجھتے بلکہ عدم اعتراض کا سرٹیفکیٹ جاری کرنے میں اتنی تاخیر کر دیتے ہیں کہ بیانات صحافیوں کے بیرونی سفر کا مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ پاکستان کے میدان جرائد اور صحافیوں کی وفاقی تنظیم کا یہ مطالبہ صدا بصحرا ثابت نہیں ہو گا، اور صحافیوں سے ہتک آمیز امتیازی سلوک کا یہ ویرینہ سلسلہ مکمل طور پر اور ہمیشہ کے لیے ختم کر دیا جائے گا۔

قارئین کرام کی خدمت میں

عید مبارک

(ادارہ)

حکایتِ رومی

ہر انسان کا نفس ایک اژدہا ہے

[illegible]

*

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

جلد نمبر ۴ ۔ شمارہ نمبر ۱۰

پندرہ روزہ کرسینٹ ٹورانٹو کینیڈا

یکم اکتوبر ۱۹۸۰ء مطابق ۲۵ رمضان ۱۴۰۰ھ

عید الفطر ایڈیشن

عید الفطر عہد نبوی میں

اسلامی تہواروں کی بنیاد انسانیت کے لیے مشترک اہمیت رکھنے والے جذبات و روایات پر ہے

از۔ سید ابوالاعلیٰ مودودی

تہوار اور انسان کی سماجی زندگی میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔ جب سے آدمی نے اس زمین پر سماجی زندگی بسر کرنی شروع کی ہے غالباً اسی وقت سے تہوار منانے کا سلسلہ بھی چلا آ رہا ہے۔ دنیا میں کوئی قوم ایسی نہیں ہے اور کبھی نہیں رہی جس نے سال میں دو چار یا دس پانچ دن اس غرض کے لیے مخصوص نہ کئے ہوں۔ یہ تہوار دراصل سماج کی جان ہیں۔ لوگوں کا ایک جگہ جمع ہونا اور مشترک جذبات کا مظاہرہ کرنا، مل کر خوشیاں منانا، ایک ہی قسم کی رسمیں ادا کرنا، یہ اپنے اندر مرہم کی سی خاصیت رکھتا ہے جس سے افراد آپس میں جڑ کر ایک مربوط سوسائٹی بنتے ہیں اور ان میں اجتماعی زندگی نہ صرف پیدا ہوتی ہے بلکہ تھوڑے تھوڑے وقفوں سے تازہ اور جاندار ہوتی رہتی ہے۔

عموماً جو تہوار دنیا کے مختلف ملکوں اور قوموں میں منائے جاتے ہیں ان کا جائزہ لینے سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر تہوار یا تو کسی اہم تاریخی واقعہ کی یادگار میں منایا جاتا ہے یا کسی بڑے شخص کی ذات سے منسوب ہوتا ہے یا کسی خاص مذہبی تقریب سے تعلق رکھتا ہے۔ بہرحال تہوار کے لیے کوئی نہ کوئی ایسی تقریب ضروری ہے جو ایک قوم کے افراد یا ایک ملک کے باشندوں کے لیے مشترک دلچسپی کی چیز ہو اور جس سے ان کے گہرے جذبات وابستہ ہوں۔ اسی وجہ سے ایک قوم یا ایک ملک کے تہواروں میں دوسری قوم یا ملک کے لوگ دلچسپی نہیں لیتے اور کسی مصلحت سے یہ تکلف دلچسپی لینا چاہیں بھی تو نہیں لے سکتے۔ کیونکہ ایک قوم کا تہوار جن روایات سے تعلق رکھتا ہے وہ دوسری قوم کے جذبات و احساسات میں وہ حرکت پیدا نہیں کرتیں جو خود اس قوم میں پیدا کرتی ہیں۔ تہوار منانے کے طریقے بھی دنیا کی مختلف قوموں میں بے شمار ہیں۔ کہیں صرف کھیل کود اور راگ رنگ اور لطف و تفریح تک ہی تہوار محدود رہتا ہے۔ کہیں لطف و تفریح تہذیب کی حد سے گزر کر فسق و فجور اور ناشائستگی کی حد تک پہنچ جاتی ہیں۔ کہیں مہذب تفریحات کے ساتھ کچھ سنجیدہ مراسم بھی ادا کئے جاتے ہیں اور کہیں ان اجتماعی تقریبوں سے فائدہ اٹھا کر لوگوں میں اعلیٰ درجہ کی اخلاقی روح پھونکنے اور کسی بلند نصب العین کے ساتھ محبت اور گرویدگی پیدا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ غرض ایک قوم کا تہوار منانے کا طریقہ گویا ایک پیمانہ ہے جس سے آپ اس کے مزاج اور اس کے حوصلوں اور امنگوں کو ٹھیک ٹھیک ناپ کر دیکھ سکتے ہیں۔ جتنی بلند اخلاقی روح کسی قوم میں ہوگی اتنے ہی اس کے تہوار مہذب اور پاکیزہ ہوں گے اور اسی طرح اخلاقی اعتبار سے کوئی قوم جتنی پست ہوگی وہ اپنے تہواروں میں اتنے ہی مکروہ مناظر پیش کرے گی۔

اسلام چونکہ ایک عالمگیر اصلاحی تحریک ہے جو کسی خاص ملک یا قوم سے تعلق نہیں رکھتی بلکہ تمام دنیا کے انسانوں کو ایک خدا پرستانہ تہذیب کا پیرو بنانا چاہتی ہے۔ اسلئے اس نے جہاں زندگی کے ہر شعبہ کو اپنے خاص ڈھنگ پر ڈھالا ہے، اسی طرح تہواروں کو بھی ایک نئی شکل دی ہے جو دنیا بھر کے تہواروں سے مختلف ہے۔ سماجی زندگی میں تہوار کی جو اہمیت ہے اور اجتماعی تقریبات کے لئے جو ایک قدرتی پیاس پائی جاتی ہے اس کو تو اسلام نے نظر انداز نہیں کیا ہے بلکہ اس سے فائدہ اٹھانے کی پوری کوشش کی ہے مگر تہوار کی غرض اور تہوار منانے کے طریقے اور تہوار کی اخلاقی روح میں بنیادی تغیر کر دیا ہے جس کی تین اہم خصوصیات کی طرف میں آپ کو توجہ دلاؤں گا۔

(۱) ایک عالمگیر تحریک قومی تہواروں کو پسندیدگی کی نظر سے نہیں دیکھ سکتی۔ جن تہواروں کی بنیاد الگ الگ قوموں کی روایات پر ہو جن کے ساتھ ایک ہی قوم کے جذبات اور دلچسپیاں وابستہ ہوں اور جن میں ایک قوم کے ساتھ دوسری قوم فطرتاً شریک نہ ہو سکتی ہو، وہ دراصل انسانیت کی قومی تقسیم و تفریق کو مضبوط کرنے والی طاقت ہیں۔ ایسے تہوار جس طرح ایک قوم کو اپنے اندر منظم ہونے میں مدد دیتے ہیں، اسی طرح وہ ہر قوم کو دوسری قوم سے جدا کرنے اور الگ کرنے کا باعث بھی بنتے ہیں۔ لہٰذا کوئی ایسی تحریک جو ترجمان ہے "انسانیت" کی اور انسانیت سے بحث کرتی ہو اور تمام دنیا کے انسانوں کو ایک تہذیب کے رشتے میں پرونا چاہتی ہو، اس قسم کے تہواروں کو صرف بے جا نہیں کر قبول نہیں کر سکتی بلکہ گوارا نہیں کر سکتی کیونکہ وہ اس کے مقصد کی راہ میں بالفعل ایک رکاوٹ ہوتے ہیں۔ اس کے پیش نظر مقصد کا فطری اقتضا یہی ہے کہ جو قومیں اس کے زیر اثر آئیں ان سے وہ قومی تہوار چھڑا دے اور ایسے تہوار مقرر کرے جن میں وہ سب شریک ہو سکتی ہوں، جو بیک وقت قومی بھی ہوں اور بین الاقوامی بھی۔ جن کی بنیاد قومی روایات و جذبات پر نہ ہو بلکہ ان سب کے لئے مشترک اہمیت رکھنے والے جذبات و روایات پر۔

(۲) پھر جو تحریک عالمگیر ہونے کے ساتھ خدا پرستانہ بھی ہو، وہ ایسے تہواروں کو گوارا نہیں کر سکتی جن میں شرک اور توہم پرستی اور مشرکانہ توہمات کا کوئی ادنیٰ شائبہ بھی پایا جاتا ہو۔ وہ اپنے مشن کی عین فطرت کے لحاظ سے مجبور ہے کہ جن جن قوموں اور ملکوں میں اس کا اثر پہنچے ان کے پرانے مذہبی تہوار کو اور ان سب تقریبات کو جو قدیم عقائد کی یاد تازہ کرنے والی ہوں، بند کر دے۔ اور ان کی جگہ ایسے تہوار مقرر کرے جو خدا پرستی کا گہرا رنگ لئے ہوئے ہوں۔

(۳) خدا پرستی کے ساتھ لازمی طور پر اخلاق کا بھی ایک بلند نصب العین پیدا ہوتا ہے اور اس کا تقاضا یہ ہے کہ ایک خدا پرستانہ تحریک اپنے پیروؤں کو ایسے تہوار دے جو فسق و فجور اور ناشائستگی سے بالکل خالی ہوں۔ جن میں لطف و تفریح تہذیب کے ساتھ اور اظہار مسرت سنجیدگی کے ساتھ ہو۔ جو محض کھیل کود ہی پر ختم نہ ہو جائیں بلکہ جماعتی زندگی میں تہوار سے جو ایک حرکت پیدا ہو جاتی ہے اس کو اعلیٰ درجہ کے اخلاقی مقاصد کے لئے پوری طرح استعمال کیا جائے۔

اسلام نے اپنے پیروؤں کے لئے جو تہوار مقرر کئے ہیں ان میں یہ تینوں خصوصیتیں نمایاں نظر آتی ہیں۔ عرب، ایران، مصر، شام اور دوسرے ملکوں میں جن قوموں نے اسلام قبول کیا، ان سے تمام مذہبی اور قومی تہوار اسلام نے چھڑا دیئے اور ان کی جگہ دو تہوار رائج کئے جنہیں آپ عید اور بقرعید کے نام سے جانتے ہیں۔ عید الفطر اس خوشی میں منائی جاتی ہے کہ خدا کے نام پر رمضان کے تیس روزے رکھنے کا جو حکم ہم کو دیا گیا تھا اس کی تعمیل کرنے میں ہم کامیاب ہو گئے لہٰذا اس تعمیل فرمان سے فارغ ہو کر ہم اپنے مالک کا شکر بجا لاتے ہیں۔ اسی طرح دونوں عیدوں میں خداوند عالم کی خالص بندگی کا گہرا رنگ پایا جاتا ہے۔ کسی قسم کی اوہام پرستی کا یا کسی مخلوق کی پرستش کا ادنیٰ شائبہ بھی آپ ان میں نہیں پا سکتے۔ پھر ان تہواروں کے منانے کا طریقہ جو مقرر کیا گیا ہے وہ بھی اتنا پاکیزہ ہے کہ اس سے زیادہ نفیس، مہذب اور اخلاقی فائدوں سے لبریز طریقہ تصور میں نہیں آ سکتا۔ بعد کے مسلمانوں نے اسلامی عید کی اصل شان کو کسی حد تک جاہلیت کے خیال سے داغدار کر دیا ہے، لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں جس طرح عید منائی جاتی تھی اس کا نقشہ میں آپ کے سامنے کھینچتا ہوں جس سے آپ اس تہوار کی پاکیزگی کا صحیح اندازہ کر سکیں گے۔

عید کے روز صبح کو تمام مسلمان، عورت، مرد، بچے سب غسل کرتے تھے اور اچھے سے اچھے کپڑے جو ملتا نے ان کو میسر ہوں پہن کر نکلتے تھے۔ رمضان کی عید میں نماز کے لئے جانے سے پہلے تمام خوشحال لوگ ایک مقررہ تعداد میں کھانے کا سامان یا اس کی قیمت غریبوں کو دیتے تھے تاکہ کوئی شخص عید کے روز بھوکا نہ رہ جائے۔ ذرا دن چڑھنے پر سب لوگ گھروں سے نکل کھڑے ہوتے تھے۔ حکم تھا کہ مرد اور عورت اور بچے سب نکلیں تاکہ مسلمانوں کی کثرت اور ان کی شان کا اظہار ہو۔ خدا سے دعا مانگنے میں بھی سب شریک ہوں، اور اس اجتماعی مسرت میں بھی سب کو شرکت کا موقع مل جائے۔ عید کی نماز مسجد کے بجائے بستی کے باہر میدان میں ہوتی تھی تاکہ مجمع سے بڑا بھی ہو سکے۔ نماز کے لیے جاتے وقت سارے مسلمان یہ تکبیر پڑھتے ہوئے چلتے تھے

اللّٰہ اکبر اللّٰہ اکبر لا الٰہ الا اللّٰہ

واللّٰہ اکبر وللّٰہ الحمد

"اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اللہ ہی سب سے بڑا ہے اور اللہ ہی سب سے بڑا ہے۔ ساری تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں۔"

ہر گلی، ہر کوچے، ہر محلے، ہر بازار اور ہر سڑک پر یہی نعرے لگتے تھے جن سے ساری بستی گونج اٹھتی تھی۔ عید گاہ کے میدان میں جب سب لوگ جمع ہو جاتے تو حضور بلا اذان و اقامت کے رسول خدا کی امامت میں پوری باقاعدگی کے ساتھ دو رکعت نماز ادا کرتے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو کر خطبہ دیتے جو نماز کے بعد ہوتا تھا تاکہ سب لوگ اپنے دینی امور کے متعلق اہم تقریر کے وقت موجود رہیں۔ جس کا رخ صرف مردوں کی طرف ہوتا تھا پھر آپ میدان کے اس حصہ کی طرف تشریف لے جاتے جہاں عورتیں جمع ہوتی تھیں اور وہاں بھی تقریر فرماتے تھے۔ ان تقریروں میں تعلیم و تلقین اور وعظ و نصیحت کے علاوہ اسلامی جماعت کے متعلق ان تمام اہم مسائل پر بھی روشنی ڈالی جاتی تھی جو اس وقت درپیش ہوتے تھے۔ کوئی فوجی مہم اگر پیش نظر ہوتی تھی تو اس کا انتظام بھی وہیں اسی مجمع میں کر دیا جاتا۔ جماعتی ضروریات کی طرف بھی لوگوں کو توجہ دلائی جاتی، اور ہر شخص اپنی حیثیت کے مطابق ان کے پورا کرنے میں حصہ لیتا۔ حتیٰ کہ روایات میں آتا ہے کہ عورتیں اپنے زیور تک اتار اتار کر خدا کے دین اور جماعت مسلمین کی خدمت کے لئے پیش کر دیتی تھیں۔

پھر یہ مجمع عیدگاہ سے پلٹتا تھا اور حکم یہ تھا کہ جس راستے سے آئے ہو اس کے خلاف دوسرے راستے سے گھروں کو واپس جاؤ تاکہ بستی کا کوئی حصہ تمہاری چہل پہل سے اور تمہاری تکبیروں کی گونج سے خالی نہ رہ جائے۔



اسلامی تہوار خدا پرستی کا گہرا رنگ لیے ہوئے ہیں جس سے اخلاق کا ایک بلند نصب العین پیدا ہوتا ہے

اسلام نے تہواروں کو بھی ایک نئی شکل دی ہے

Please subscribe to the Crescent, a Pakistani English/Urdu Newspaper

SUBSCRIPTION RATES:

☐ 1 Year Air Mail/1st Class $ 8.00

☐ 2 Years Air Mail/1st Class $14.00

☐ 6 Months Air Mail/1st Class $ 5.00

FORTNIGHTLY

Crescent

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: (416) 49[illegible]

Name

Address

Postal Code

Telephone No